حیسکو پریس رلیز مورخہ 10.11.2021:

چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو عبدالرحیم سومرو کی آن لائن ٹیلی فون کچہری، حیسکو صارفین نے ٹیلی فون پرکال کرکے50شکایات درج کرائیں جس میں سے موقع پر40شکایات حل کی گئیں باقی10شکایات کو جلد حل کرنے کیلئے ہدایات متعلقہ سپرنٹینڈنگ انجنیئرز اور XENs کوجاری کردی گئی ہیں، عوام/حیسکو صارفین نے اس اقدام پر حیسکو چیف کا شکریہ ادا کیااور تجویز دی ہے کہ اس عمل کو جاری رکھیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق آج چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو عبدالرحیم سومرو نے حیسکو صارفین /عوام کی بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کو سننے کے بعد فوری طور پر حل کرنے کیلئے آئن لائن ٹیلی فون کچہری کی گئی، جس میں صارفین نے صبح 10:00بجے سے دوپہر 12:00بجے تک (2 گھنٹے) مسلسل حیسکو کے آن لائن نمبرز 022-9260023 اور موبائل نمبر 0301-1185112 پر کال کرکے اپنی شکایات اور درپیش مسائل درج کرائیں، ٹوٹل50شکایات سنیں گئیں اور اس میں سے حیسکو چیف کے احکامات پر40شکایات موقع پر فوری حل کردی گئیں، باقی10شکایات کو جلد از جلد حل کرنے کیلئے حیسکو چیف نے متعلقہ سپرنٹینڈنگ انجنیئرز اور ایگزیکٹو انجنیئرز کو ہدایات دے دیں ہیں، شکایات مروجہ قانون کے تحت حل کی جائینگی۔حیسکو صارفین نے حیسکو کے اس آن لائن ٹیلی فون کچہری پر حیسکو چیف کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ حیسکو انتظامیہ کی جانب سے ایسے ہی صارفین کیلئے ٹیلی فون پر شکایات درج کرنے اور موقع پر حل کرنے والے اقدام کو جاری رکھا جائے تاکہ عوام اور حیسکو صارفین مستفید ہو سکیں۔ حیسکو چیف موقع پر ہی شکایات کے حل کیلئے چیف انجنیئرز اورمتعلقہ سپرنٹینڈنگ انجنیئرز اور XENs کو ٹیلی فون پر ہی ہدایات دیتے ہیں جس سے ہماری شکایات موقع پر ہی حل ہوجاتی ہے۔حیسکو چیف نے کہا کہ بجلی صارفین کی تمام تر مسائل اور شکایات بغور سنیں جارہی ہیں اور اس کوفوری حل کیاجارہا ہے، انہوں نے کہا کہ اب حیسکو صارفین /عوام صرف ایک کال کرکے اپنے بجلی سے متعلق مسائل حل کرواسکتے ہیں۔ آن لائن ٹیلی فون کچہری میں حیسکو چیف کے ہمراہ چیف ٹیکنیکل آفیسر گل منیر سرہیو، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان، PD کنسٹرکشن /S.E لاڑ سرکل عبدالغفور شیخ،4 آپریشن سرکلوں کے سپرنٹینڈنگ انجنیئرز نثار احمد مین، امیر احمد میمن،ذوالفقار میمن،، انچارج PMDU محمد علی، انچارج شعبہ تعلقات عامہ محمد صادق گبر موجود تھے۔ مورخہ 10.11.2021:

حیدرآباد: چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو عبدالرحیم سومرو آن لائن ٹیلی فون کچہری میں حیسکو صارفین کی ٹیلی فون کال پر شکایات سن رہے ہیں